Urdu

# Privacy Leaflet for Patients

## How we protect your health information

# مریضوں کے لیے نجی تفصیلات کے اخفاء کے بارے میں معلوماتی پرچہ

## ہم آپکی صحت کی تفصیلات کی حفاظت کیسے کرتے ہیں

NSW GOVERNMENT | Health

## آپکی صحت کی تفصیلات کی حفاظت

ہم تمام فارمیٹس میں آپکی صحت کی تفصیلات کو محفوظ رکھنے کے لیے کڑے سرکاری معیاروں پر عمل کرتے ہیں۔ ہم باقاعدگی سے اپنے نظاموں کو بہتر بناتے رہتے ہیں اور انکا آڈٹ کرتے ہیں تاکہ آپکی تفصیلات کو بلا اجازت رسائی، کھو جانے یا دیگر غلط استعمال سے محفوظ رکھا جائے۔

نیو ساؤتھ ویلز پبلک ہیلتھ سروسز صحت کی تفصیلات کو کاغذی ریکارڈوں، مقامی الیکٹرانک میڈیکل ریکارڈ سسٹمز اور نیو ساؤتھ ویلز کے HealtheNet پر رکھتی ہیں۔

HealtheNet ایک محفوظ پوری سٹیٹ کا الیکٹرانک ریکارڈ ہے جسے نیو ساؤتھ ویلز پبلک ہیلتھ سروس استعمال کرتی ہے۔ HealtheNet میں آپکی صحت کی تفصیلات کا خلاصہ شامل ہوتا ہے جیسے آپکے ہسپتال سے رخصت ہونے پر ملنے والے طبی خلاصے، پیتھالوجی اور تشخیصی ٹیسٹوں کے نتائج اور ادویات سے متعلق معلومات۔

اگر آپ نیو ساؤتھ ویلز میں کہیں بھی کسی پبلک ہیلتھ سروس میں جائیں تو بیشتر صورتوں میں آپکے معالج کلینیکل عملے کو HealtheNet کے ذریعے یہ خلاصہ معلومات دستیاب ہوں گی۔

## My Health Record (مائی ہیلتھ ریکارڈ)

My Health Record آسٹریلیا کا ڈیجیٹل ہیلتھ ریکارڈ کا قومی نظام ہے۔ آسٹریلیا کے تمام باشندوں کا My Health Record موجود ہے، سوائے اس کے کہ آپ نے اپنا ریکارڈ نہ بنوانے کا فیصلہ کیا ہو۔

اگر آپ کسی نیو ساؤتھ ویلز پبلک ہیلتھ سروس میں گئے ہیں تو آپکی صحت کی تفصیلات کا خلاصہ آپکے My Health Record کو بھیج دیا جائے گا۔ نیو ساؤتھ ویلز پبلک ہیلتھ سروس کا عملہ آپکا My Health Record دیکھ بھی سکتا ہے اور اسے تفصیلات بھی بھیج سکتا ہے۔

اگر آپکا My Health Record موجود ہے لیکن آپ کسی خاص ڈاکٹر کے پاس اپنی اپائنٹمنٹ یا ہسپتال جانے سے متعلق تفصیلات کو اپنےMy Health Record میں شامل نہیں کرنا چاہتے تو آپکو علاج فراہم کرنے والے ادارے میں اپنی آمد پر شروع میں ہی اس بارے میں آگاہ کرنا ہو گا۔

My Health Record کے بارے میں مزید معلومات کے لیے 1800 723 471 پر فون کریں یا یہاں دیکھیں: www.myhealthrecord.gov.au

## ہم سے رابطہ کریں

اگر آپ اپنی صحت کی تفصیلات کے اخفاء کے حوالے سے کوئی سوال پوچھنا یا شکایت کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی اس نیو ساؤتھ ویلز ہیلتھ کے ادارے میں Privacy Contact Officer (پرائیویسی کانٹیکٹ آفیسر) سے رابطہ کریں جس کے پاس آپکی صحت کی تفصیلات موجود ہیں۔

Privacy Contact Officerکی تفصیلات کے لیے دیکھیں:
www.health.nsw.gov.au/patients/privacy/Pages/privacy-contact.aspx

## تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس

اگر آپکو مندرجہ بالا خدمات سے رابطہ کرنے کے لیے مدد یا ترجمے کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی 50 14 13 پر ٹرانسلیٹنگ اینڈ انٹرپریٹنگ سروس (TIS) کو فون کریں۔

نجی تفصیلات کے اخفاء کے بارے میں معلوماتی پرچہ دوسری زبانوں میں حاصل کرنے کے لیے اس پتے پر Multicultural Health Communication Service دیکھیں: www.mhcs.health.nsw.gov.au مراجعه کنید.

NSW GOVERNMENT | Health

## آپکی صحت کی تفصیلات اکٹھی کرنا

آپکو مناسب علاج فراہم کرنے کے لیے ہم آپکی صحت کے بارے میں کئی طرح کی تفصیلات اکٹھی کر سکتے ہیں۔ اس میں آپکی صحت، آپکے پیتھالوجی اور تشخیصی ٹیسٹوں کے نتائج، ایکسرے اور دیگر امیجنگ، اور آپکی ادویات کے بارے میں معلومات شامل ہو سکتی ہیں۔

جہاں بھی ممکن ہو، ہم آپکی صحت کی تفصیلات خود آپ ہی سے لیتے ہیں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو، یا کوئی ہنگامی صورتحال پیش ہو تو ہم آپکی صحت کے سابقہ ریکارڈوں، صحت کی دیکھ بھال کرنے والے دوسرے اداروں اور آپکے My Health Record (مائی ہیلتھ ریکارڈ) سے معلومات لے سکتے ہیں۔

ہمیں آپکے گھرانے کے کسی فرد، دوست، دیکھ بھال کرنے والے یا کسی دوسرے شخص مثلاً انٹرپریٹر (زبانی مترجم) سے معلومات لینے کی ضرورت بھی ہو سکتی ہے جو آپکو صحت کی مناسب دیکھ بھال فراہم کرنے کے لیے ہماری مدد کر سکتا ہو۔

## آپکی صحت کی تفصیلات کا استعمال یا انکشاف

آپکی صحت کی تفصیلات کو نیو ساؤتھ ویلز پبلک ہیلتھ سروس استعمال کر سکتی ہے یا انہیں ہیلتھ سروس سے باہر فراہم کیا جا سکتا ہے تاکہ آپکو مناسب دیکھ بھال اور علاج کی فراہمی ممکن بنائی جائے۔

مثال کے طور پر آپکی تفصیلات کو مندرجہ ذیل طور پر استعمال یا منکشف کیا جا سکتا ہے:

- آپکی صحت کی دیکھ بھال کرنے والی دوسری ہیلتھ سروسز، ہسپتالوں یا طبی ماہرین کو تفصیلات دینا
- آپکے نامزد کردہ جی پی کو تفصیلات دینا، جس میں آپکو علاج گاہ سے رخصت کرتے ہوئے ریفرل کے کاغذات کے ساتھ دی گئی معلومات بھی شامل ہیں
- نیو ساؤتھ ویلز کی ایمبولینس سروس کو تفصیلات دینا
- My Health Record کو تفصیلات دینا
- مزید خبرگیری کے لیے طے کردہ ملاقاتوں کے بارے میں گھر پر آپ سے رابطہ کرنے کے لیے
- آپکی دیکھ بھال کرنے والے شخص کو دیکھ بھال میں مدد دینے کے لیے
- آپ کو ملنے والی خدمات کے بارے میں آپکی رائے جاننے کی خاطر آپ سے رابطہ کرنے کے لیے
- ہسپتالوں کے چیپلنز سمیت پاسٹورل کیئر کارکنوں (مریضوں کو سہارا دینے والے مذہبی کارکن) کو دینا جو روحانی مدد اور پاسٹورل کیئر (سماجی ساتھ اور سہارا) فراہم کرتے ہیں
- تربیتی مقاصد سے طالبعلموں اور دوسرے عملے کو تفصیلات دینا
- دوسری ہیلتھ سروسز اور مجاز تیسرے فریقوں کو اس مقصد کے لیے تفصیلات دینا کہ وہ کسی کی جان، صحت یا فلاح کو لاحق سنگین اور فوری خطرہ دور کر سکیں جیسے کسی ہنگامی صورتحال میں
- اعضا یا ٹشوز کے عطیے سے متعلق مقاصد کے لیے۔ اس میں قریبی لواحقین کی تفصیلات شامل ہو سکتی ہیں
- کام کی انجام دہی اور انتظام کی سرگرمیوں کے لیے جن میں مالی وسائل، منصوبہ بندی، حفاظت اور معیار کی بہتری شامل ہیں
- کسی شکایت یا واقعے کی چھان بین کے لیے
- ہیلتھ سروس کے خلاف مریض کی قانونی چارہ جوئی یا دعوے کے انتظام کے لیے

**اگر آپ نہیں چاہتے کہ ہم آپ سے متعلق بعض تفصیلات حاصل، استعمال یا منکشف کریں تو آپکو ہمیں بتانا ہو گا اور ہم اس صورت میں آپکی صحت کی دیکھ بھال پر پڑنے والے ممکنہ اثرات کے بارے میں آپکے ساتھ بات کریں گے۔**

قانون آپکی صحت کی تفصیلات مزید کچھ تیسرے فریقوں کو دینے کی بھی اجازت دیتا ہے یا یہ لازمی قرار دیتا ہے مثلاً:

- سٹیٹ اور کامن ویلتھ کے حکومتی اداروں کو قانون کے تحت لازمی رپورٹنگ کے مقاصد سے معلومات دینا جیسے چھوتی بیماریوں کی اطلاع، کینسر اور دوسرے قابل اطلاع امراض کی اطلاع، پیدائشوں اور اموات کی اطلاع دینے کے لیے اور میڈی کیئر تفصیلات فراہم کرنے کے لیے
- عوامی مفاد کے ان تحقیقی منصوبوں کے لیے محققین کو معلومات دینا جن کے لیے Human Research Ethics Committee نے منظوری دی ہو
- اگر آپ ہمیں حملے، گھریلو تشدد، بچوں کے ساتھ بدسلوکی وغیرہ جیسے کسی سنگین جرم کے بارے میں معلومات دیں تو دوسری ہیلتھ سروسز یا قانون نافذ کرنے والے اداروں مثلاً پولیس کو معلومات دینا
- دوسرے اداروں کو معلومات دینا جہاں یہ معلومات کسی بچے یا کم عمر شخص کی حفاظت، فلاح یا خیریت سے تعلق رکھتی ہوں
- اگر آپکی صحت کی تفصیلات عدالت میں بطور ثبوت مطلوب ہوں تو عدالت میں پیشی کے حکم یا تلاشی کے وارنٹ کی تعمیل کے لیے۔

## معذوری کی انشورنس کی قومی سکیم (NDIS)

اگر آپ یا آپکی جانب سے کوئی شخص ہمیں آپکے NDIS پلان یا دیگر NDIS دستاویزات کی کاپی فراہم کرے تو ہم ان معلومات کو آپکی صحت کی دیکھ بھال اور سماجی خدمات سے متعلق مقاصد کے لیے استعمال یا منکشف کر سکتے ہیں۔ اس میں دوسرے حکومتی اداروں، پرائیویٹ سیکٹر کی تنظیموں یا غیر سرکاری تنظیموں کو معلومات میں شریک کرنا شامل ہو سکتا ہے تاکہ صحت کی خدمات اور دیگر خدمات کے لیے آپکی ضروریات پوری کی جائیں۔

## اپنی تفصیلات تک رسائی

آپکو حق حاصل ہے کہ آپ ہمارے پاس موجود اپنی صحت کی تفصیلات تک رسائی کی درخواست کریں۔ بالعموم آپ سے رسائی کی تحریری درخواست دینے اور شناخت نامہ فراہم کرنے کو کہا جائے گا۔ اگر آپ اپنے طبی ریکارڈ کی کاپیاں طلب کریں تو آپ سے فیس لی جا سکتی ہے۔ ہم تفصیلات تک رسائی کی درخواستوں کا جواب جلد از جلد دیتے ہیں جو اکثر صورتوں میں 28 دن سے زیادہ وقت نہیں لیتا۔

خاص حالات میں آپکو آپکی ذاتی تفصیلات تک رسائی دینے سے انکار کیا جا سکتا ہے جیسے اگر رسائی دینے کے نتیجے میں آپکو یا کسی اور شخص کو ذہنی یا جسمانی نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو تو۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ ہمارے پاس آپکے بارے میں موجود تفصیلات غلط ہیں یا کوئی غلطی کی گئی ہے تو براہ مہربانی ہمیں بتائیں اور ہم اس میں درستگی کر دیں گے یا آپکے ہیلتھ ریکارڈ میں ایک نوٹ کا اضافہ کر دیں گے۔

ہیلتھ ریکارڈ تک رسائی کی درخواستیں یا تو Medical Records Department کے نام یا اس طبی ادارے کے مینیجر کے نام ہونی چاہیئں جہاں آپ گئے تھے۔